علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ قرآن و تفسیر)

وارننگ

عزیز طلبہ !

آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: اصول تفسیر (1954) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: بی۔ ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہوگا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 (یونٹ نمبر: 1تا5) کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ امام ابن تیمیہؒ اور شاہ ولی اللہؒ کی اصول تفسیر پر لکھی گئی کتب پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ علم الاحکام اور علم التذکیر بالموت ومابعد الموت پر جامع نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اسبابِ نزول میں اختلاف کی نوعیت اور اس کے حل کا طریقہ تفصیلاً ضبطِ تحریر میں لائیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ ناسخ ومنسوخ کا مفہوم بیان کرتے ہوئے متقدمین ومتاخرین کے ہاں ناسخ ومنسوخ کے مفہوم پر اختلاف اور اس کے اثرات کا جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ نفاق اور اس کی اقسام کی توضیح کیجیے اور منافقین کی گمراہیوں پر قرآن مجید کے مباحثے کا تجزیہ کیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 (یونٹ: 6تا9) کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ کلام کے مروجہ طریقہ پر اضافہ سے کیا مراد ہے؟ مثالوں سے توضیح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ تفسیر کے رجحانات کا مفہوم لکھتے ہوئے شاہ ولی اللہؒ کے بیان کردہ تفسیری رجحانات تفصیل سے لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ فہم قرآن میں دشواری کے اسباب میں سے حذف کی اقسام اور قرآن مجید سے ان کی مثالیں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اصولِ تفسیر کے ضمن میں مندرجہ ذیل امور کی وضاحت کیجیے۔ (20)

۱۔ صوفیا کے اشارات واعتبارات ۲۔ غریب القرآن ۳۔ حروف مقطعات

سوال نمبر 5۔ قرآن مجید کی آیات اور سورتوں کے اسلوب پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔ (20)